سوال

(145) حضرت بلال موذن مسجد نبوی کی زندگی (خوراک وپوشاک) کس طرح بسر ہوتی تھی ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت بلال موذن مسجد نبوی کی زندگی (خوراک وپوشاک) کس طرح بسر ہوتی تھی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت بلال آں حضرت ﷺ کی طرف سے بیت المال کے خزانچی تھے ۔ ابن الجوزی اپنی کتاب ''تلقیح فہوم الاثر فی عیون التاریخ والسیر،، میں حضرت بلال کے ترجمہ میں لکھتے ہیں : ''کان خازنا علی بیت مالہ،، پس ان کو خازن ہونے کی حیثیت سے بیت المال سے اس قدر ملتا رہا ہوگا جس سے ان کا گزارہ ہوجاتا ہوگا غرض یہ کہ ان کو اذان کی تنخواہ نہیں ملتی تھی ۔ (محدث دہلی 1941ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 237

محدث فتویٰ